عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مایۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خان صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ لائل پور
ڈجکوٹ روڈ

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّہْهُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیٰحضرت مجدد مائۃ حاضرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر: سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ ضلع لائلپور

قیمت ۲/۵۰

فاصلے پر نکل جانے سے گنہگار نہ ہوگا۔
الجواب: مکان یا چھوٹی مسجد میں دیوار قبلہ تک بغیر آڑ کے نکلنا حرام ہے اور جنگل یا بڑی مسجد میں ۸ گز کے فاصلہ کے بعد نکلنا جائز ہے ۴۷۔ ۴۸ گز مساحت کی جو مسجد ہو وہ بڑی مسجد ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۳۹: اگر بلّی یا کتا وغیرہ آدمی کی چیزوں کا نقصان کرتے ہوں یا کاٹ کھاتے ہوں تو ان کا مار ڈالنا درست ہے یا نہیں۔
الجواب: کاٹتے ہوں تو قتل درست ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۴۰: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی فاتحہ ڈھک کر دینا چاہیئے یا کھول کر۔
الجواب: دونوں طرح درست ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۴۱: ہندو قصاب کے ہاتھ کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں
الجواب: حرام ہے مگر اس صورت میں کہ مسلمان نے ذبح کیا اور مسلمان کی نگاہ سے غائب ہونے سے پہلے اس مسلمان خواہ دوسرے نے اس میں سے لیا تو جائز ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۴۲: نماز میں سنت ترک کرنے سے سجدہ سہو ہوگا یا نہیں
الجواب: سجدۂ سہو صرف ترک واجب سے ہے ترک سنت سے نہیں ہاں نماز مکروہ ہوگی اور پھیرنا بہتر ہے اور بلا وجہ شرعی ترک سنت کی عادت کرے گا تو گنہگار ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم
مسئلہ ۴۳: ان پانچ روزوں میں جو روزہ رکھنا منع ہے یعنی ایک خاص عید الفطر اور چار عید الاضحیٰ کے تو اسکی کیا وجہ ہے۔
الجواب: یہ دن اللہ عزوجل کی طرف سے بندوں کی دعوت کے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۴۴: اس میں کیا حکمت ہے کہ فرضوں میں دو رکعت خالی اور دو رکعت بھری پڑھی جاتی ہیں اور سنت اور نفلوں میں چاروں بھری۔
الجواب: نماز میں صرف دو ہی رکعتوں میں تلاوت قرآن مجید ضرور ہے۔ سنت و نفل کی ہر دو رکعت جداگانہ ہیں لہذا ہر دو رکعت میں قراءت لازم ہوئی چاروں بھری ہوگئیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
مسئلہ ۴۵: حقہ پینا۔ افیون کھانا یا کوئی دوسری نشے والی چیز کھانا جائز ہے یا نہیں۔

نماز میں آگے سے گزرنے کا مسئلہ
کاٹنے والے بلی کتے کا حکم
خاتون جنت کی فاتحہ
ہندو قصاب کا گوشت
ترک سنت اور سجدہ سہو
عیدین وغیرہ کے روزہ رکھنے کی ممانعت کی وجہ
فرض نماز اور قراءت